**چیدہ چیدہ شرائط، ضوابط برائے ٹھیکہ میلہ مویشیاں (بریکوٹ) تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات برائے عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک۔**

1) ٹھیکہ کی معیاد برائے عرصہ **ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027** تک ہوگی۔

2) بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند ٹھیکہ دار مبلغ پندرہ ہزار روپے (-/15000) بصورت بنک ڈرافٹ /کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن (بریکوٹ) سوات پیشگش /بولی دینے سے پہلے جمع کریگا جو کہ ناکام بولی دہندہ کو بعد اختتام بولی واپس کیا جائیگا۔ بولی میں حصہ لینے والا رجسٹرڈ ٹھیکہ دار ان لائن (E-Auction /E-Baldia) کے زریعے اپنا پیشکش اشتہار مقررہ تاریخ ،وقت تک دے سکتا ہے مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد پیشکش وصول نہیں کیجائیگی۔

3) (E-Auction /E-Baldia) میں حصہ لینے والے /پیشکش دینے والے ٹھیکدار /فرم محکمہ کی ویب سائٹ cfmis.lgkp.gov.pk پر ان لائن بولی میں حصہ لینگے۔

4) ان لائن بولی دینے والے فرد/فرم لوکل کونسل بورڈ کے ویب سائڈ پر کال ڈیپازٹ اور دیگر تفصیلات درج کریگا۔ کال ڈیپازٹ غلط ،جعلی یا غلط تفصیلات کی صورت میں ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

5) معقول سب سے زیادہ بولی جو کہ پچھلے /گزشتہ سال کی امدنی /بولی کے مقابلے میں دس فیصد %10 اضافہ یا نمایاں اضافی کی عکاسی کرتے ہے۔ سب سے زیادہ بولی لگانے والا ٪15 فیصد ایڈوانس اور٪5 فیصد سیکورٹی تین (3) دنوں کے اندر جمع کریگا۔

6) ٹھیکہ کی حتمی منظوری مجازاتھارٹی دے گا مجاز اتھارٹی کے طرف سے زیادہ بولی منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکدار کل زر ٹھیکہ کا(٪5) پانچ فیصد بطور سیکورٹی اور (٪15) پندرہ فیصد بطورایڈوانس سات دن کے اندر جمع کرنے اور معاہدہ کرنے پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں زربیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) ضبط کیا جائے گا۔

7) کامیاب بولی دہندہ کا ٪15 فیصد ایڈوانس ٪5 فیصد سیکورٹی 30 جون 2025 تک تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے پاس جمع رہیگا جو کہ مکمل حساب کتاب کے بعد واپس کی جائیگی۔ ہر سال کی اختتام سے دو ماہ پہلے ائندہ سال لے لیے ٹھیکہ کی مقررشدہ رقم کی حساب سے سیکورٹی اور ایڈوانس کی مد میں بقایا رقم ٹھیکدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

**8)** ٹھیکدار کل زرٹھیکہ (11) گیارہ مساوی اقساط میں جمع کرنے کاپابند ہوگا اور **پہلی قسط ماہ اگست 2026** کے 5 تاریخ تک جمع کریگا ۔اسی طرح ٹھیکدار ہر ماہوار قسط ہر مہینے کی 5 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا ۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکدار پر 2 فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ عائد ہوگا اور 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں پالیسی کی مطابق کارروائی کرکے ٹھیکہ منسوخ کرکے ٹھیکدار کے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

9) ٹھیکدار کا مقرہ ہدف تک یا مقررہ ہدف سے زیادہ بولی دینے کی صورت میں ٹھیکہ حوالہ کیا جائے گااور مجاز اتھارٹی کی طرف سے ٹھیکہ کے متعلق حتمی فیصلہ انے تک کامیاب بولی دہندہ باقاعدہ پیشکش/بولی کے حساب سے روزانہ کے بنیاد رقم داخل کرتا رہیگا۔ جو کہ منظوری کیصورت میں ٹھیکہ کی اقساط میں ایڈجسٹ کیجائیگی ۔ٹھیکہ کے منسوخی کیصورت میں ٹھیکدار /کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کا کلیم ،اعتراض نہیں کریگا۔

10) مزید یہ کہ ٹھیکدار کو اس وقت تک ٹھیکہ کا باقاعدہ چارج نہیں دیا جائیگا ۔جب تک وہ معاہدہ نامہ پر دستخط نہ کرے بصورت دیگر زربیعانہ اور جملہ جمع کردہ رقومات بحق ٹی ایم اے ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔

11) ٹھیکدار ہر ماہوار قسط بصورت نقد/کال ڈیپازٹ /بنک ڈرافٹ داخل کریگا چیک ناقابل قبول ہوگا۔

12) وہ حضرات جن کے زمہ حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) کے بقایاجات ہو یا حکومت نے بلیک لسٹ قرار دیا ہو وہ،ان کا نمائندہ ،رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

13) ٹھیکہ قطعی ناقابل انتقال ہے اگر ٹھیکدار خود وقت مقررہ سے پہلے ٹھیکہ چھوڑتا ہے یا ٹھیکہ چلانے میں دلچسپی نہ رکھتا ہو تو ایسی صورت میں ٹھیکدار کے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی۔ دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ ،غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی۔

14) ٹھیکدار پابند ہوگا کہ وہ کل زرٹھیکہ کا شورٹی بانڈ باقاعدہ جوڈیشل /میونسپل مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) کو پیش کریگا۔

15) ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کو دو معزز ،معتبر ،صاحب جائیداد ،مقامی اشخاص کی ضمانت دے گااور جائیداد کی ملکیتی ثبوت فراہم کریگا جن کی جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کی برابر ہو جو کہ باقاعدہ درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو ۔ٹھیکدار کے ناکامی کی صورت میں ضامنان سے وصولی کی جائیگی۔

16) کسی بھی حالات یا ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں ٹھیکدار کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اگر ٹھیکدار کسی بھی وجہ سے نقصان اٹھائے تو اس صورت میں ٹی ایم اے بریکوٹ سوات زمہ دار نہ ہوگی۔

17) تحصیل میونسپل آفیسر ، تحصیل آفیسر ریگولیشن اور دیگر مجاز آفسران ٹھیکدار کے حسابات کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔

18) ٹھیکدار حکومت کے وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس ودیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا جو کہ حکومت اور صوبائی حکومت کی طرف عائدہوا ہوادا کرنے کا پابند ہوگا۔

19) حکومت/صوبائی حکومت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات جب چاہے ٹھیکہ واپس لے سکتا ہے۔

20) اگر فریقن کے درمیان کسی وجہ تنازعہ پیدا ہوجائے تو ایسی صورت Arbitration Act 1940 کے تحت ریجنل میونسپل آفیسر بطور ثالث فیصلہ کریگا اور ان کا ثالثی فیصلہ اخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چلنج نہیں کیا جائیگااور بدوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ اقسط باقاعدہ گی سے جمع کریگا۔

21) مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بولی مسترد کردے۔

22) اگر ٹھیکدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

**23)** وہ حضرات جنہوں نے **سال 2026-27** کیلئے رجسٹریشن کرایا ہو۔ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

24) ٹھیکدار حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایت واحکامات کا پابند ہوگا۔

میلہ مویشی بریکوٹ کا شرح درجہ زیل ہے

داخلہ فیس30روپے فروختگی (5%)فیصد ہوگی

25) قدرتی آفات ، زلزلہ، سیلاب ،وغیرہ کے نقصانات میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات ذمہ دار نہیں ہوگا۔

26) ٹھیکدار منظور شدہ شرح سے زیادہ وصولی نہیں کریگا۔یعنی بڑے جانور چالیس روپے (-/40)فی راس اورچھوٹے جانور تیس روپے(-/30)فی راس وصول کریگا۔ ٹھیکدار مقرر شرح سے زیادہ وصولی نہیں کریگا۔زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکدار سے گیارہ(11)گنا فیس بطورجرمانہ وصول کیا جائیگا۔اگر ٹھیکداربار بار وصولی کرتاہوا پایا گیاتو مجاز اتھارٹی کے منظوری سے ٹھیکہ منسوخ کرکے ٹھیکہ دار کے جملہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بریکوٹ سوات ضبط کیا جائیگی۔

27) اگر فیس دہندہ بغرض چوری فیس ادا نہ کریں تو ایسی صورت میں ٹھیکدار فیس دہندہ سے گیارہ (11) گنا فیس بطورجرمانہ وصول کریگا جس کا ادھا حصہ ٹی ایم اے سوات کا ہوگا۔

28) **ٹھیکدارمیلہ مویشیاں کے لیے اراضی/جگہ کا بندوبست خود کرے گا، نیز میلہ مویشیاں کی صفائی کا بندوبست بھی خود کرے گا۔ صفائی نہ رکھنے کی صورت میں معقول جرمانہ کیا2 جائے گا۔**

29) ٹھیکہ کے اختتام کے وقت میلہ مویشاں صیح حالت میں حوالہ کریگا دوران ٹھیکہ کسی قسم کی خرابی کیصورت میں ٹھیکدار اپنے خرچ پر مرمت کریگا۔

30) ٹھیکدارکو حدودات میلہ مویشاں میں کسی قسم کی غیر قانونی ،غیر اخلاقی کاروبار چلانے کی ہر گز اجازت نہیں ہوگی۔

31) ٹھیکدار حدودات میلہ مویشاں میں سیکورٹی کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کرنے کا پابند ہوگا۔

32) ٹھیکہ دار باقاعدہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات اپنے زاتی ملازمین کی جملہ کوائف فراہم کریگا اور زاتی ملازمین کے جملہ اخراجات بذمہ ٹھیکدار پر ہوگی۔

33) اگر بدوران ٹھیکہ کی متعلق کسی عدالت میں کیس زیر سماعت ہو یا دائر کیا جائے اس دوران ٹھیکدار کسی قسم کا کلیم کا حقدار نہ ہوگااور عدالت جو فیصلہ کریگا ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا۔

34) ٹھیکہ کے متعلق جملہ عدالتی /قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہوگی۔

35) اگر ٹھیکہ ٹھیکدار کو منتقل حوالہ ہونے سے پہلے یا بدوران ٹھیکہ کی شرح میں کمی بیشی کی گئ تو اس تناسب سے ٹھیکہ کی رقم میں مجاز اتھارٹی کی منظوری سے کمی بیشی کی جائیگی ۔ٹھیکدار کسی قسم کی اعتراض ،قانونی کاروائی کا مجاز نہ ہوگا۔

36) ٹھیکدار ، بجلی ،پانی ،ٹیلی فون بلز ،واٹر فیس اور دیگر اخراجات کا زمہ دار ہوگا۔

37) ٹھیکدار Covid-19اور دیگر وباء/امراض کیصورت میں حکومتی SOPsپر عمل درامد کرنے اور احکامات کا پابند ہوگا۔

**38)** ٹھیکدار صوبائی حکومت کی طرف سے جاری شدہ پالیسی گائیڈ لائن/شرائط ،ضوابط بروئے چھٹی نمبرAO-II/LCB/6-11/2026 بورخہ 07/05/2026 کا پابند ہوگا۔

39) درجہ بالا شرائط میں کسی بھی شرط کے خلاف ورزی کیصورت میں ٹھیکدار کے ایڈوانس اور سیکورٹی بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی دونو ں صورتو ں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ ،غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی اور ٹھیکدار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہوگا۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن
ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات